عالمی دن برائے

# خون کا عطیہ

14 جون

## محفوظ خون کا عطیہ، صحت مند زندگی کی ضمانت



خون عطیہ کرنے کے محفوظ طریقوں پر عمل کریں اور اتچ آئی وی، ہیپاٹائٹس بی اور سی، اور سفلس کی منتقلی کو روکیں۔

آپ خون کا عطیہ دینے کے اہل ہیں اگر:

- آپ ذہنی اور جسمانی طور پہ تندرست ہیں۔
- آپ کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہے۔
- آپ کا وزن کم از کم 50 کلو یا اس سے زیادہ ہے۔
- آپ صحت کی جانچ کے معیار پر پورے اترتے ہیں۔


INFECTION PREVENTION AND CONTROL FOUNDATION

VFAHT

D.U.H.S

Shaukat Khanum Memorial Trust

SPWS



## خون کا عطیہ کیوں ضروری ہے؟

قیمتی انسانی جانوں کو بچانے کے لیے خون کے عطیات انتہائی اہم اور ضروری ہیں۔ محفوظ خون کا عطیہ مندرجہ ذیل افراد کے لیے ضروری ہے۔

- ٹراما پیشنٹس
- تھیلیسیمیا کے مریض
- دائمی بیماریوں میں مبتلا مریض
- خون کی کمی کے مریض
- بلڈ کینسر کے مریض
- حمل اور ولادت سے وابستہ خواتین
- آپریشن کے پروسیجر سے گزرنے والے مریض وغیرہ

## خون کے عطیہ کے بعد احتیاطی تدابیر:

- کم از کم 15 منٹ آرام کریں۔
- 2 گھنٹوں میں 30 منٹ کے وقفے سے پانی پیئیں۔
- بھاری ورزش سے گریز کریں۔
- کم از کم 2 گھنٹوں تک گاڑی نہ چلائیں۔

## ذمہ دار شہری ہونے کا فرض ادا کریں:

- آج ہی بلڈ ڈونر بنیں اور ہر سال باقاعدگی سے خون کا عطیہ کریں۔
- اپنے دوستوں اور اہل خانہ کو خون کے عطیہ کی مہم میں حصہ لینے کی دعوت دیں۔
- اپنی مقامی بلڈ ڈونر سوسائٹی کے ساتھ رضا کارانہ طور پر مدد کریں۔
- خون کے عطیہ کی مقامی تقریبات میں حصہ لیں۔

محفوظ خون کے عطیہ کا عمل ٹرانسفیوژن ٹرانسمیٹڈ انفیکشن (TTIs) کی روک تھام میں اہم کردار ادا کرتا جن میں ایچ آئی وی، ہیپاٹائٹس بی اینڈ سی، سیفلیس اور ملیریا شامل ہیں۔

عالمی دن برائے

# خون کا عطیہ

14 جون